[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

BILL

*further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan*

**WHEREAS** it is expedient further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan;
**AND WHEREAS** it is necessary to create a separate province within Punjab, comprising two divisions, namely Faisalabad Division and Sahiwal Division, for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows: -

1. **Short title and commencement.**-- (1) This Act may be called the Constitution (Amendment) Bill, 2025.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of Article 1 of the Constitution.** - In the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, hereinafter referred to as the Constitution, in Article 1, in clause (2), in paragraph (a), after the expression, "the Punjab", the expression, "the West Punjab", shall be inserted.

3. **Amendment of Article 51 of the Constitution.** - In the Constitution, in Article 51, in clause (3), for the table, the following shall be substituted, namely: -

| | **General seats** | **Women seats** | **Total seats** |
|---|---|---|---|
| Balochistan | 16 | 4 | 20 |
| Khyber Pakhtunkhwa | 45 | 10 | 55 |
| Punjab | 114 | 24 | 138 |
| West Punjab | 27 | 8 | 35 |
| Sindh | 61 | 14 | 75 |
| Federal Capital | 3 | - | 3 |
| Total | 266 | 60 | 326 |

4. **Amendment of Article 59 of the Constitution.** -In the Constitution, in Article 59,

i. in clause (1), -
   - **(a)** for the expression, "ninety-six" the expression, "one hundred and thirteen" shall be substituted;
   - **(b)** in paragraph (d), for the expression, "four", the expression, "five" shall be substituted;
   - **(c)** in paragraph (e), for the expression, "four" the expression, "five" shall substituted;
   - **(d)** in paragraph (f), for the expression, "four" the expression, "five" shall be substituted;

ii. in clause (3), in paragraph (f), for the word "two" occurring for the second time, the word "three" shall be substituted.

**5. Amendment of Article 106 of the Constitution.** - In the Constitution, in Article 106, in clause (1), for the Table, the following shall be substituted, namely: -

| | General Seats | Women | Non-Muslim | Total |
|---|---|---|---|---|
| Balochistan | 51 | 11 | 3 | 65 |
| Khyber Pakhtunkhwa | 115 | 26 | 4 | 145 |
| Punjab | 251 | 56 | 6 | 313 |
| West Punjab | 46 | 10 | 2 | 58 |
| Sindh | 130 | 29 | 9 | 168 |

**6. Amendment of Article 154 of the Constitution.** - In the Constitution, in Article 154, after clause (1), the following new clauses, (1A) and (1B), shall be added, namely: -

"(1A) As and when new Province or territories are included in the territories comprising Pakistan under Article 1, the Council shall determine, within three months, the apportionment, distribution, adjustment, allocation and transfer among the Federal Government and Provincial Government of the existing and new Provinces or territories;

(a) water and other natural resources;
(b) present employees and future job quotas in the civil bureaucracy;
(c) physical, monetary and other assets and liabilities and rights; and
(d) other ancillary matters.

(1B) The determination under clause (1) shall be based on recommendations of a national Commission for the West Punjab eminent and reputable technical, financial, legal and other experts to be constituted by the Speaker, National Assembly in consultation with Chairman Senate and Leaders of the House and Leaders of the Opposition, for this purpose and for consideration of proposals for new Provinces referred thereto by resolutions of the both Houses."

**7. Amendment of Article 175A of the Constitution.** - In the Constitution, in Article 175A, after clause (6), the following new clause (6A) shall be inserted, namely: -
"(6A) For initial appointment of the Chief Justice and Judges of the West Punjab High Court, the Chief Justice of the Lahore High Court shall also be a member of the Commission."

**8. Amendment of Article 198 of the Constitution.** - In the Constitution, in Article 198, after clause (1A), the following new clause (1B) shall be inserted, namely: -
"(1B) The High Court for West Punjab shall have its principal seat at Faisalabad."

**9. Amendment of Article 218 of the Constitution.** - In the Constitution, in Article 218, in clause (2), in sub-clause (b), for the expression, "four" the expression, "five" shall be substituted.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Making of new Province of the West Punjab by delimiting the Province of the Punjab is the dire need of the time. The overall growing population of Punjab and administrative hindrances in catering to the problems associated with it, now require a creation of separate province of the Punjab with having two divisions namely, Faisalabad Division and Sahiwal

Division, this proposed province with having the second largest forest in the Punjab, the biggest agricultural university of Punjab and huge industrial hub have the capacity to sustain itself as a separate province.

Hence, the draft bill has been prepared to achieve the above said objects.

**Sd/-**
**Mr. Riaz Fatyana**
Member, National Assembly

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

## اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کا

## بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کی جائے؛

اور چونکہ یہ ضروری ہے کہ بعدازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے پنجاب میں فیصل آباد ڈویژن اور ساہیوال ڈویژن دو ڈویژنوں پر مشتمل ایک علیحدہ صوبہ بنایا جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان و آغاز نفاذ۔** (۱) ایکٹ ہذا دستور (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **دستور کے آرٹیکل ۱ کی ترمیم۔** اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں جس کا بعدازیں دستور کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے، آرٹیکل ۱ میں، شق (۲) میں، پیرا (الف) میں، لفظ ''پنجاب'' کے بعد الفاظ ''مغربی پنجاب'' شامل کر دیئے جائیں گے۔

۳۔ **دستور کے آرٹیکل ۵۱ کی ترمیم۔** دستور میں، آرٹیکل ۵۱ میں، شق (۳) میں، جدول کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

| | عمومی نشستیں | خواتین کی نشستیں | کل نشستیں |
|---|---|---|---|
| بلوچستان | ۱۶ | ۴ | ۲۰ |
| خیبر پختونخوا | ۴۵ | ۱۰ | ۵۵ |
| پنجاب | ۱۱۴ | ۲۴ | ۱۳۸ |
| مغربی پنجاب | ۲۷ | ۸ | ۳۵ |
| سندھ | ۶۱ | ۱۴ | ۷۵ |
| وفاقی دارالحکومت | ۳ | -- | ۳ |
| میزان | ۲۶۶ | ۶۰ | ۳۲۶ |

۳۔ **دستور کے آرٹیکل ۵۹ کی ترمیم۔** دستور میں، آرٹیکل ۵۹ میں،

i. شق (۱) میں،۔

(الف) عبارت ''چھیانوے'' کو عبارت ''ایک سو تیرہ'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(ب) پیرا (د) میں، عبارت ''چار'' کو عبارت ''پانچ'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(ج) پیرا (ہ) میں، عبارت ''چار'' کو عبارت ''پانچ'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(د) پیرا (و) میں، عبارت ''چار'' کو عبارت ''پانچ'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

ii. شق (۳) میں، پیرا (و) میں، دوسری بار آنے والے لفظ ''دو'' کو لفظ ''تین'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۵۔ **دستور کے آرٹیکل ۱۰۶ کی ترمیم۔** دستور میں، آرٹیکل ۱۰۶ میں، شق (۱) میں، گوشوارہ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

| | عمومی نشستیں | خواتین | غیر مسلم | کل |
|---|---|---|---|---|
| بلوچستان | ۵۱ | ۱۱ | ۳ | ۶۵ |
| خیبر پختونخوا | ۱۱۵ | ۲۶ | ۴ | ۱۴۵ |
| پنجاب | ۲۵۱ | ۵۶ | ۶ | ۳۱۳ |
| مغربی پنجاب | ۴۶ | ۱۰ | ۲ | ۵۸ |
| سندھ | ۱۳۰ | ۲۹ | ۹ | ۱۶۸ |

۶۔ **دستور کے آرٹیکل ۱۵۴ میں ترمیم۔** دستور میں، آرٹیکل ۱۵۴ کے بعد درج ذیل نئی شقیں (۱/الف) اور (۱/ب) شامل کی جائیں گی، یعنی:

"(۱/الف) جب بھی کوئی نیا صوبہ یا علاقہ، آئین کے آرٹیکل ۱ کے تحت پاکستان کے حدود میں شامل کیا جائے گا، تو کونسل، تین ماہ کے اندر، موجودہ اور نئے صوبوں یا علاقوں اور وفاقی حکومت کے مابین درج ذیل امور کی تقسیم، ترتیب، تخصیص اور منتقلی کا تعین کرے گی:

(الف) پانی اور دیگر قدرتی وسائل؛

(ب) موجودہ ملازمین اور مستقبل کے لیے سول بیوروکریسی میں ملازمت کے کوٹے؛

(ج) مادی، مالی اور دیگر اثاثہ جات و واجبات اور حقوق؛ اور

(د) دیگر ضمنی امور۔

(۱/ب) شق (۱) کے تحت کیا گیا تعین، "مغربی پنجاب" کے لیے ایک قومی کمیشن کی سفارشات کی بنیاد پر ہوگا، جس میں ممتاز اور بااعتبار فنی، مالی، قانونی اور دیگر ماہرین شامل ہوں گے، اور جسے اسپیکر قومی اسمبلی، چیئرمین سینیٹ اور ایوان بالا و ایوان زیریں میں قائدِ ایوان و قائدِ حزبِ اختلاف کی مشاورت کے بعد تشکیل دیں گے، تاکہ مجوزہ نئے صوبوں سے متعلق تجاویز کا جائزہ لیا جا سکے، جو دونوں ایوانوں کی قراردادوں کے ذریعے اس کمیشن کو بھیجی جائیں گی۔"

۷۔ **دستور کے آرٹیکل ۱۷۵ الف میں ترمیم۔** دستور میں، آرٹیکل ۱۷۵ الف کے بعد درج ذیل نئی شق (۶الف) شامل کی جائے گی، یعنی:

"(۶/الف) مغربی پنجاب ہائی کورٹ کے چیف جسٹس اور ججوں کی ابتدائی تقرری کے لیے، لاہور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس بھی کمیشن کے رکن ہوں گے۔"

۸۔ **دستور کے آرٹیکل ۱۹۸ میں ترمیم۔** دستور میں، آرٹیکل ۱۹۸ کے بعد درج ذیل نئی شق (۱/ب) شامل کی جائے گی، یعنی:

"(۱/ب) مغربی پنجاب کے لیے قائم ہائی کورٹ کا مرکزی صدر دفتر فیصل آباد میں ہوگا۔"

۹۔ **دستور کے آرٹیکل ۲۱۸ میں ترمیم۔** دستور میں، آرٹیکل ۲۱۸ کی شق (۲)، ذیلی شق (ب) میں لفظ "چار" کے بجائے لفظ "پانچ" شامل کیا جائے گا۔

## بیان اغراض ووجوہ

مغربی پنجاب کے نئے صوبے کا قیام، جو موجودہ صوبہ پنجاب کی حد بندی کے ذریعے عمل میں آئے، وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ پنجاب کی تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی اور اس سے جڑے مسائل کے حل میں انتظامی رکاوٹیں اب اس امر کی متقاضی ہیں کہ پنجاب کے موجودہ صوبے کو تقسیم کر کے ایک علیحدہ صوبہ تشکیل دیا جائے، جس میں فیصل آباد ڈویژن اور ساہیوال ڈویژن شامل ہوں۔ یہ مجوزہ صوبہ، جو پنجاب کے دوسرے سب سے بڑے جنگلات، پنجاب کی سب سے بڑی زرعی یونیورسٹی، اور وسیع صنعتی مرکز پر مشتمل ہے، اس قابل ہے کہ بطور ایک علیحدہ صوبہ اپنے وسائل پر انحصار کرتے ہوئے خود کو برقرار رکھ سکے۔

لہٰذا، مذکورہ بالا مقاصد کے حصول کے لیے یہ مسودۂ قانون تیار کیا گیا ہے۔

دستخط/۔
جناب ریاض فتیانہ
رکن، قومی اسمبلی